ilmkidunya
علم کی دنیا

Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 10th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 6 Preparation

Q1. سورۃ الروم کو اس کا نام یہ کیوں دیا گیا.

Ans 1: سورۃ الروم کی دوسری آیت میں روم ک مغلوب ہونے اور تیسری آیت میں ان کے پھر سے غالب آنے کی خبر ہے - اسی مناسبت سے اس کا نام سورۃ الروم رکھا گیاہے.

Q2. اصحاب مدین کی طرف کسے رسول بناکر بھیجا

Ans 1: حضرت شعیب علیہ السلام کو آصحآب مدین کی طرف رسول بناکر بھیجا

Q3. سورہ طہٰ کا خلاصہ بیان کریں-

Ans 1: سورہ طہٰ کے آٹھ میں سے پانچ رکوعوں میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی بیان فرمائی گئی ہے- جن سورتوں کے بارے مین حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ میرا قدیم مال اور قیمتی اثاثہ ہیں ان میں سے ایک سورہ طہٰ بھی ہے. حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ کے اسلام لانے کے واقعہ میں یہ تذکرہ ملتا ہے کہ جب وہ اپنی بہن کے گھر تشریف لے گئے اور انہوں نے اپنی بہن سے سورہ طہٰ کی تلاوت سنی تو ان کے دل میں اسلام گھر کر گیا اور انہوں نے اسی وقت اسلام قبول کرنے کا فیصلہ کرلیا. سورہ طہٰ کا خلاصہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تفصیلی تذکرہ اور پھر توحید رسالت اور آخرت کا بیان ہے.

Q4. اللہ تعالی نے سورہ الروم میں مسلمانوں کو کن اوقات میں تسبیح کرنے کو کہا ہے.

Ans 1: اللہ تعالی نے مسلمانوںکو سورہ الروم میں صبح و شام کے وقت تسبیح کرنے کا حکم دیا.

Q5. جھوٹے شاعروں کی پیروی کرنے والے لوگ کیسے ہوتے ہیں

Ans 1: جھوٹے شاعروں کی پریو کرے والے لوگ عموما گمراہ ہوتے ہیں

Q6. قوم ثمود کی طرف کسے رسول بناکر بھیجا

Ans 1: حضرت صالح علیہ السلام کو قوم ثمود کی طرف رسول بناکر بھیجا

Q7. سورہ الحج میں کس بات کی اجازت دی گئی ہے اور اس بات سے منع کیا گیا ہے.

Ans 1: سورہ الحج میں مشرکوں کے خلاف جہاد کی اجازت دی گئی اور شرک سے منع کیا گیا ہے.

Q8. حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھوں سے کیا بناتے تھے

Ans 1: حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھوں سے لوہے کی زرہیں اور زنجیریں بناتے تھے

Q9. سورہ الحج میں کن لوگوں کےاچھے اور برے انجام کے بارے میں زکر ہے.

Ans 1: سورہ الحج میں قیامت کے دن منافقوں اور کافروں کے برے انجام اور مومنوں کے اچھے انجام کا زکر ہے.

Q10. قوم سبا کہاں آباد تھی-

Ans 1: قوم سبا یمن میں آباد تھی